# تربیتی نِصاب

## ابتدائیہ

برائے مکاتِب قرآنیہ ( ناظرہ )

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

۱ نورانی قاعدہ ۲ ایمانیات و عبادات ۳ احادیث و مسنون دعائیں

۴ سیرت و اخلاق و آداب ۵ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب




جمع و ترتیب

عُلماءِ کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

دُعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزّاق اسکندر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

زیرِ سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق صدر دار العلوم کراچی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں
ٹریڈ مارک # 432681 / 432684

کتاب کا نام : تربیتی نصاب (ابتدائیہ) برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)
تاریخ اشاعت : مئی 2023
کمپوزنگ و ڈیزائننگ : محمد جنید اقبال، عبید اشفاق
ناشر : مکتب تعلیم القرآن الکریم
ایڈیشن : 50000/01

## ملنے کے پتے

**مکتب تعلیم القرآن الکریم** زیر انتظام: **ٹیچر ڈیولپمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی**
D-4، الہلال کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بالمقابل پرانی سبزی منڈی، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
ای میل: maktab2006@hotmail.com

**مدرسہ بیت العلم**
ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی
فون: 34976073-21-92+ فیکس: 34976339-21-92+

**مکتبہ بیت العلم** اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

تربیتی نصاب پڑھانے کی معلومات کے لیے رابطے نمبر

کراچی: 0333-3204104 سندھ: 0321-2725093
لاہور: 0321-4066762 پنجاب: 0300-2298536
بلوچستان: 0335-3222906 خیبر پختونخواہ: 0323-2163507

کتاب کی خریداری کے لیے رابطے نمبر: 0331-3259464, 0332-2154190
اوقات: صبح 8:00 بجے تا 5:00 بجے شام (علاوہ اتوار)

# ”تربیتی نصاب (ابتدائیہ)“ کا مکمل خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | نورانی قاعدہ | نقطے، مفردات، مرکبات، حروف مقطعات، حرکات، تنوین، حرکات اور تنوین کی مشق۔ |
| ایمانیات و عبادات | عقائد | کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، اللہ تعالیٰ، انبیا عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ، ہمارا دین۔ |
| | طہارت<br>مکمل نماز | وضو کرنے کا طریقہ،<br>تکبیر، ثَنَا، تَعَوُّذُ، تَسْمِیَۃُ اور سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃ |
| احادیث و مسنون دعائیں | پانچ احادیث ترجمے کے ساتھ | ❶ آسان دین ❷ جنت کی چابی ❸ کھانے کا اہم ادب<br>❹ سلام پھیلانا ❺ سچ بولنا |
| | پانچ دعائیں ترجمے کے ساتھ | ❶ علم میں اضافے کی دعا ❷ کھانے سے پہلے کی دعا<br>❸ کھانے کے شروع میں اگر بِسْمِ اللّٰہِ دعا پڑھنا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں<br>❹ سونے سے پہلے کی دعا ❺ سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا |
| سیرت و اخلاق و آداب | سیرت | سیرت سے متعلق سوالات و جوابات۔ |
| | آداب | سلام، چھینک، کھانے، پینے اور سونے کے آداب،<br>والدین کا ادب۔ |
| زبان | عربی | ایک سے دس تک گنتی اور ہفتے کے دنوں کے نام۔ |
| | اردو | حروف کی پہچان اور مکمل تختی۔ |

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| کلمات تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 6 |
| دعائیہ کلمات (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مُقدّمہ | 10 |
| نصاب کی خصوصیات | 11 |
| ہدایات برائے معلمین/معلمات | 12 |
| تعلیمی ایام | 13 |
| نظام الاوقات | 14 |
| حمد | 15 |
| نعت | 16 |
| **نورانی قاعدہ** | |
| نقطے | 17 |
| مُفردات | 18 |
| مرکبات | 19 |
| حروف مقطعات | 22 |
| حرکات | 23 |
| تنوین | 25 |
| حرکات اور تنوین کی مشق | 27 |
| **ایمانیات** | |
| کلمۂ طیبہ | 28 |
| کلمۂ شہادت | 28 |
| اللہ تعالیٰ | 29 |
| انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ | 30 |
| ہمارا دین | 31 |
| **عبادات** | |
| وضو کرنے کا طریقہ | 32 |
| تکبیر | 34 |
| ثَنَا | 34 |
| تَعَوُّذ | 34 |
| تَسْمِیَة | 34 |
| سُوْرَةُ الفَاتِحَة | 35 |
| **احادیث** | |
| آسان دین | 36 |
| جنت کی چابی | 36 |
| کھانے کا اہم ادب | 37 |
| سلام پھیلانا | 37 |
| سچ بولنا | 38 |

| مسنون دعائیں | |
|---|---|
| علم میں اضافے کی دعا | 38 |
| کھانے سے پہلے کی دعا | 39 |
| کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں | 39 |
| سونے سے پہلے کی دعا | 40 |
| سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا | 40 |
| **سیرت** | |
| سیرت سے متعلق سوالات وجوابات | 41 |
| **اخلاق وآداب** | |
| سلام اور سلام کا جواب | 46 |
| جب چھینک آئے | 46 |
| کھانے کے آداب | 47 |
| پینے کے آداب | 47 |
| سونے کے آداب | 48 |
| والدین کا ادب | 48 |
| **عربی زبان** | |
| اَلْاَعْدَادُ (گنتی) | 49 |
| اَیَّامُ الْاُسْبُوْعِ (ہفتے کے دن) | 50 |

| اردو زبان | |
|---|---|
| حروف کی پہچان | 51 |
| عمل چارٹ پُر کرنے کا طریقہ | 56 |
| عمل چارٹ | 57 |
| کلمۂ طیبہ | 59 |
| نمازوں کی پابندی | 60 |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت | 62 |
| سلام | 63 |
| سچ بولنا | 64 |
| وضو | 66 |
| کھانے اور پینے کے آداب | 67 |
| سونے کی دعا | 69 |
| والدین کا ادب | 69 |
| حوالہ جات | 71 |
| نماز کی ڈائری | 72 |
| رمضان چارٹ | 77 |
| گزارش برائے اساتذہ وسرپرست حضرات | 78 |

# ہدایات برائے معلّمین/معلّمات

اس نصاب کی ترتیب اور نظام اچھی طرح سمجھ لینا ضروری ہے اس لیے کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس سے مکمل فائدے کے لیے نظام و نصاب کی رعایت ضروری ہے۔

١ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! اس سلسلے میں ادارہ ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' میں اساتذہ کرام کے لیے چار اور معلمات کے لیے دو روزہ تربیتی نشست رکھی جاتی ہے، جس میں بورڈ پر قاعدہ پڑھانے کا طریقہ، تربیتی نصاب پڑھانے کا طریقہ، نبوی طریقۂ تعلیم، نبوی طریقۂ تربیت، بچوں کی نفسیات اور عملی تربیت کرنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔

تمام اساتذہ کرام اور معلّمات سے درخواست ہے کم از کم ایک مرتبہ تربیتی نشست میں ضرور شرکت فرمائیں۔

٢ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! ادارہ ''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کے تحت مکاتب کے اساتذہ کرام لیے تجوید کورس کا نظم بنایا جاتا ہے جس میں نورانی قاعدہ مکمل ہجے، رواں کے ساتھ پڑھانے کا طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔

٣ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! اساتذہ کرام/معلمات کی تعلیم موثر بنانے کے لیے ''بچوں کی تربیت اور معیاری مکتب کے راہ نما اصول'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی گئی ہے جس میں ان کے لیے نظام، نصاب، طریقۂ تعلیم اور عملی تربیت کا طریقہ کار ذکر کیا گیا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه یہ کتاب اساتذہ کرام/معلّمات کے لیے بہترین معاون ہے۔

٤ نورانی قاعدہ سے متعلق اہم تعلیمی ہدایات، ہر سبق کا مقصد، بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ اور ہر سبق سے متعلق ضروری ہدایات پر مشتمل ''نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی ہے۔ اساتذہ کرام روزانہ اس کا مطالعہ کر کے اس کے مطابق سبق پڑھائیں تو امید ہے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ طلبا/ طالبات میں نمایاں کارکردگی آئے گی۔

٥ تمام طلبا کو اجتماعی طور پر پڑھائیں۔

٦ جو سبق پڑھائیں اس کی عملی مشق کرائیں، خاص طور پر وضو اور نماز کی عملی مشق ضرور کرائیں۔

# نعت

اللہ کا دُلارا پیارا نبی ہمارا
انوار کا مَنارہ پیارا نبی ہمارا

ایمان کی روشنی سے دل میں کیا اُجالا
جنت کی راہ دکھائی تحفہ دیا نرالا

بندوں کو جب بُلایا خدا کے ایک دَر پر
زخمی ہُوا بدن بھی کھائی ہے چوٹ سَر پر

پیوند کی قَبا تھی باندھا عمامہ سَر پر
بستر بھی ٹاٹ کا تھا کچّا مکاں بسیرا

اللہ کا دُلارا پیارا نبی ہمارا
انوار کا مَنارہ پیارا نبی ہمارا

صلی اللہ علیہ وسلم

## سبق: ۲

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ش شِین | ص صَاد | ض ضَاد | ط طَا | ظ ظَا | ع عَین |
| غ غَین | ف فَا | ق قَاف | ك كَاف | ل لَام | م مِیم |
| ن نُون | و وَاو | ه هَا | ء هَمزَه | ي يَا | |

## سبق: ۳

① موٹے حروف سات (۷) ہیں: ان کا مجموعہ "خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ" ہے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خ | ص | ض | ط | ظ | غ | ق |

② نرم حروف تین (۳) ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ث | ذ | ظ |

③ سیٹی والے حروف تین (۳) ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ز | س | ص |

④ ہم آواز حروف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت ط | ذ ز ض ظ | ث س ص | ح ه | ع ء | ق ك |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دوسرے مہینے میں بیس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلّمہ | | دستخط سرپرست | |
| تیسرے مہینے میں بیس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلّمہ | | دستخط سرپرست | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ةً | تٍ | ةٌ | دًى | دٍ | دٌ |
| طًا | طٍ | طٌ | رًا | رٍ | رٌ |
| نًا | نٍ | نٌ | لًا | لٍ | لٌ |
| ضًا | ضٍ | ضٌ | يًا | يٍ | يٌ |
| شًا | شٍ | شٌ | جًا | جٍ | جٌ |
| كًا | كٍ | كٌ | قًا | قٍ | قٌ |
| خًا | خٍ | خٌ | غًا | غٍ | غٌ |
| حًا | حٍ | حٌ | عًا | عٍ | عٌ |
| هًا | هٍ | هٌ | ءً | ءٍ | ءٌ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آٹھویں مہینے میں بارہ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلّمہ | | دستخط سرپرست | |

## سبق:۵ ❺ سچ بولنا

سبق کا مقصد: ان شاء اللہ یہ سبق پڑھ کر طلبا/ طالبات ہمیشہ سچ بولیں گے اور حدیث ترجمہ کے ساتھ زبانی سنا سکیں گے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ۔"(۵)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہمیشہ سچ بات کہو۔"

# مسنون دعائیں

## سبق:٦ ❶ علم میں اضافے کی دعا

سبق کا مقصد: ان شاء اللہ یہ سبق پڑھ کر طلبا/ طالبات میں مسنون دعائیں مانگنے کا شوق پیدا ہوگا اور وہ علم میں اضافے کی دعا یاد کر کے پابندی سے مانگنے والے بن جائیں گے۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (۱)

☆ ترجمہ: "اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔"

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق:۵ | پانچویں مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/ معلمہ | | دستخط سرپرست | |
| سبق:٦ | چھٹے مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/ معلمہ | | دستخط سرپرست | |

# سبق:۵

سبق کا مقصد: ان شاء اللہ یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبا/ طالبات ہمارے نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر محبت وعقیدت کے ساتھ درود وسلام پڑھنے والے بن جائیں گے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں کتنے سال رہے؟

جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں تقریباً ۵۳ / سال رہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں کتنے سال رہے؟

جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تقریباً ۱۰ / سال رہے۔

☆ سوال : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب : ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا۔

☆ سوال : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے تو کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب : جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے تو درود پڑھنا چاہیے، جیسے:

صلی اللہ علیہ وسلم۔

| سبق:۵ پانچویں مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|

## سبق: ۴

سبق کا مقصد: ان شاء اللہ یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبا/ طالبات عربی میں ہفتے کے دنوں کے نام یاد کرلیں گے۔

### أَيَّامُ الْأُسْبُوْعِ — ہفتے کے دن

| | |
|---|---|
| يَوْمُ السَّبْتِ | ہفتہ |
| يَوْمُ الْأَحَدِ | اتوار |
| يَوْمُ الْإِثْنَيْنِ | پیر |

## سبق: ۵

| | |
|---|---|
| يَوْمُ الثُّلٰثَاءِ | منگل |
| يَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ | بدھ |
| يَوْمُ الْخَمِيْسِ | جمعرات |
| يَوْمُ الْجُمُعَةِ | جمعہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ④ | چوتھے مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
| سبق: ⑤ | پانچویں مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

# سبق:۱۰

| ی | ہ | و | ن |
|---|---|---|---|
| یخنی | ہاتھ | وضو | نماز |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | آ | ب | پ | ت | ٹ |
| ث | ج | چ | ح | خ | د |
| ڈ | ذ | ر | ڑ | ز | ژ |
| س | ش | ص | ض | ط | ظ |
| ع | غ | ف | ق | ک | گ |
| ل | م | ن | و | ہ | ھ |
| ء | ی | ے | | | |

وضاحت: وہ حروف جو اردو زبان میں استعمال ہوتے ہیں، عربی زبان میں استعمال نہیں ہوتے انھیں رنگ میں لکھا گیا ہے۔ طلبا/ طالبات کے سامنے اس کی وضاحت بھی کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق:۱۰ | دسویں مہینے میں پانچ دن پڑھائیں | دستخط معلّم/ معلمہ | | دستخط سرپرست | |

# ۱ کلمہ طیبہ

## لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

ہر مسلمان کے لیے زبان سے کلمہ طیبہ کے الفاظ صحیح پڑھنا، دل سے اس کو ماننا اور اس کے مطابق زندگی گزارنا بہت ضروری ہے۔

کلمہ طیبہ کا مطلب یہ ہے کہ ہم صرف ایک اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کریں اس کے علاوہ کسی اور کی عبادت نہ کریں، اس لیے کہ نفع نقصان، کامیابی ناکامی، عزت اور ذلت دینے والے صرف اللہ تعالیٰ ہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کا صحیح طریقہ بتانے کے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول بنا کر بھیجا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہر کام کے کرنے کا صحیح طریقہ بتایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان طریقے کو "سنت" کہتے ہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بھی اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں اور جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر چلتا ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ بن جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہو کر اسے انعام میں جنت دیتے ہیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میرا ہر ہر امتی جنت میں جائے گا لیکن جس نے انکار کیا۔"

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا:

"اے اللہ کے رسول! جنت میں جانے سے کون انکار کر سکتا ہے؟"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس نے میری بات مانی وہ جنت میں داخل ہو گیا اور جس نے میری بات نہیں مانی وہ (جنت میں جانے سے) انکار کرنے والا ہے۔"

(صحیح البخاری، الاعتصام، باب الاقتدا بسنن رسول اللہ، الرقم: ۷۲۸۰)

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی عبادت کرنے اور سنت کے مطابق زندگی گزارنے والا بنائے۔ آمین

ہم سب پکی نیت کریں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مان کر زندگی گزاریں گے اور روزانہ دس مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں گے۔

محترم معلّم/معلّمہ! طلبا/طالبات سے عملی طور پر درس گاہ میں دس مرتبہ کلمہ طیبہ کا ورد اپنے سامنے کرائیں۔

## ۲ نمازوں کی پابندی

اللہ تعالیٰ نے دن رات میں کل پانچ نمازیں فرض کی ہیں ان کو اہتمام کے ساتھ ادا کرنا چاہیے۔

ہمیں نماز کی پابندی کرنی چاہیے۔ نماز پڑھ کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ ہماری مدد کریں گے۔

**واقعہ:** ایک قلی (سامان اٹھانے والا مزدور) تھا جس پر لوگوں کو بہت اعتماد تھا، امانت دار ہونے کی وجہ سے لوگوں کا سامان وغیرہ بھی لے جاتا۔ ایک مرتبہ وہ سفر میں جا رہا تھا۔ راستہ میں ایک شخص اس کو ملا۔

**اس نے پوچھا:** کہاں جا رہے ہو؟

**قلی نے کہا:** فلاں شہر۔

**وہ کہنے لگا:** مجھے بھی جانا ہے، میں پاؤں سے چل سکتا تو تمہارے ساتھ ہی چلتا۔

کیا ایسا ہوسکتا ہے کہ تم کرایہ پر مجھے خچر پر سوار کرلو؟

**قلی نے کہا:** ٹھیک ہے۔ وہ سوار ہوگیا۔

راستہ میں ایک جگہ آئی جس سے دو راستے نکلتے تھے۔

**سوار نے پوچھا:** کدھر کو چلنا چاہیے؟

قلی نے عام راستہ بتایا۔

**سوار نے کہا:** یہ دوسرا راستہ قریب کا ہے اور جانور کے لیے بھی آسانی کا ہے، گھاس اس پر خوب ہے۔

**قلی نے کہا:** میں نے یہ راستہ دیکھا نہیں۔

**سوار نے کہا:** میں بہت مرتبہ اس راستے پر گزرا ہوں۔

**واقعہ** حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

میں نے بچپن سے ہی اپنے تمام معاملات کی بنیاد سچ پر رکھی وہ اس طرح سے کہ میں علم حاصل کرنے کے لیے "مکہ مکرمہ" سے "بغداد" جانے کے لیے نکلا۔ میری والدہ نے مجھے خرچ کے لیے چالیس دینار دیے اور مجھ سے یہ وعدہ لیا کہ میں ہمیشہ سچ بولوں گا، جب ہم "ہمدان" نامی شہر پہنچے تو ڈاکوؤں نے ہم پر حملہ کر دیا اور قافلہ والوں کو روک لیا، ان میں سے ایک ڈاکو میرے پاس آیا اور اس نے مجھ سے کہا:

تمہارے پاس کیا چیز ہے؟

میں نے کہا: چالیس دینار۔

وہ یہ سمجھا کہ میں اس سے مذاق کر رہا ہوں اس لیے وہ مجھے چھوڑ کر آگے بڑھ گیا۔

ایک دوسرے ڈاکو نے مجھے دیکھا تو مجھ سے پوچھا:

تمہارے پاس کیا ہے؟

میرے پاس جو کچھ تھا وہ میں نے اسے بھی بتا دیا یہ سن کہ وہ مجھے پکڑ کر اپنے سردار کے پاس لے گیا، اس سردار نے مجھ سے یہی بات پوچھی تو میں نے اسے بھی وہی بات بتلا دی۔

اس سردار نے مجھ سے پوچھا: تمہیں سچ بولنے پر کس چیز نے مجبور کیا؟

تو میں نے کہا: میں نے اپنی والدہ سے سچ بولنے کا وعدہ کیا تھا، اس لیے مجھے ڈر تھا کہ میں وعدہ نہ توڑ دوں۔

یہ سن کر ڈاکوؤں کے سردار کے دل میں ڈر پیدا ہو گیا اور وہ چیخنے لگا اور کہنے لگا:

تم تو اپنی والدہ کے کیے ہوئے عہد کو توڑنا نہیں چاہتے اور میں اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد میں خیانت کرنے سے بھی نہیں ڈرتا اور پھر اس نے قافلہ کا لوٹا ہوا تمام مال واپس کرنے کا حکم دے دیا اور کہنے لگا:

میں آپ کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہوں۔ یہ منظر دیکھ کر اس کے ساتھیوں نے اپنے سردار سے کہا:

چوری کرنے اور ڈاکہ ڈالنے میں آپ ہمارے سردار تھے اس لیے آج توبہ کرنے میں بھی آپ ہمارے سردار ہیں۔

دیکھیں: اس سچ کی برکت سے ان سب کے سب ڈاکوؤں نے توبہ کر لی۔ (اسلام اور تربیت اولاد: ۱/۱۹۱، ۱۹۲)

ہم سب مل کر پکی نیت کریں کہ ہم ہمیشہ سچ بولیں گے، جھوٹ ہرگز نہیں بولیں گے۔

# ❻ وضو

وضو سے جسم پاک صاف اور ستھرا ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والے کو پسند کرتے ہیں۔

"قیامت کے دن وضو کے اعضا (چہرہ، ہاتھ پاؤں) چمک رہے ہوں گے۔"

(صحیح البخاری، باب فضل الوضوء، الرقم: ۱۳۶)

ہمیں چاہیے کہ ہم اچھی طرح وضو کریں، وضو میں کوئی جگہ خشک نہ رہے خاص طور پر کہنی اور ایڑھی کو اچھی طرح مل کر دھوئیں اور وضو کے شروع میں مسواک کریں۔

"مسواک کرنے سے منہ صاف ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔"

(سنن النسائی، الطھارۃ، الترغیب فی السواك: الرقم: ۵)

"ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دن یا رات میں جب بھی سو کر اٹھتے تو وضو کرنے سے پہلے مسواک ضرور کرتے"۔

(سنن ابی داوٗد، باب السواک لمن قام باللیل، الرقم: ۵۷)

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا آخری عمل مسواک کرنا ہے۔

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بہت بیمار تھے اسی بیماری میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال بھی ہو گیا۔

انتقال سے کچھ دیر پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عبدالرحمن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے آئے، ان کے پاس مسواک تھی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی مسواک کی طرف دیکھنے لگے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا:

"کیا مسواک کرنی ہے؟"

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے اشارے سے جواب دیا:

"ہاں"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسواک دے دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرنے لگے،

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کا تعارف

اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کی دنیا اور آخرت کی کامیابی دینِ اسلام میں رکھی ہے۔ دینِ اسلام ہمیں ایمانیات، عبادات کے ساتھ ساتھ پاکیزہ معاملات، حسن معاشرت اور عمدہ اخلاق سکھاتا ہے۔ اس لیے ہر مسلمان پر فرض ہے کہ اسکول، کالج اور دوسرے کاموں میں سے اپنا کچھ وقت فارغ کریں اور دینِ اسلام کی تعلیم حاصل کریں۔

لوگوں تک دینِ اسلام پہنچانا اور اس کی فکر کرنا بھی اس امت کے ہر فرد کی بڑی ذمہ داری ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس سلسلے میں ادارہ مکتب تعلیم القرآن الکریم حسبِ ذیل خدمات انجام دے رہا ہے۔

۱ مکاتب اور اسکولوں میں ناظرہ قرآن کریم صحیح تجوید کے ساتھ پڑھانے کے لیے جدّوجہد کر رہا ہے۔

۲ تعلیمی اداروں کے لیے نصابی، درسی کُتب، نصاب پڑھانے کا طریقہ اور مزید علمی مواد پیش کر رہا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! نصابی کُتب قرآن وحدیث کی روشنی میں، قومی تعلیمی پالیسی کے مطابق، ماہرین تعلیم، تجربہ کار اساتذہ کرام کی معاونت اور دورِ جدید کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہیں، نیز مکمل حوالہ جات بھی درج کیے جاتے ہیں تاکہ بات معتمد اور مستند ہو۔

۳ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ادارہ اساتذہ کرام اور منتظمین کے لیے تربیتی نشست (ورک شاپ) کا کم وبیش اوقات کے لیے انعقاد کرتا ہے۔ جس میں نبوی طریقۂ تعلیم، نفسیات، تربیتی نصاب پڑھانے کا طریقہ اور کم وقت میں زیادہ بچوں کو نورانی قاعدہ/ ناظرہ قرآن کریم پڑھانے کا طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔

۴ ادارہ، تمام بچوں کو معیاری تعلیم دینے اور تمام بچوں کی بہترین تربیت کے لیے کوشاں ہے۔

www.maktab.com.pk

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عمّ پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ



تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



**تربیتی نِصَاب ابتدائیہ بَرائے مَکاتِب قرآنیہ (ناظرہ)** قیمت =/150 روپے